19/03/2025
07.40 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئیے
پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز
*.......وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت میں منعقدہ اقتصادی امور سے متعلق کا بینہ کمیٹی نے دی کئی اہم پروجیکٹونکی منظوری۔

*........ بھارت2035تک اپنا خود کا خلائی سٹیشن قائم کرنے کےلئے کوشاں// مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ

*........ مرکزی سرکار دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر کار بند// داخلی امور کے مرکزی وزیر مملکت کا راجیہ سبھا میں بیان۔
©اور
*........ اسمبلی میں آج بھی وزیر اعلیٰ کے ماتحت محکموں کے لئے مطالبات زر پررہی بحث جا ری۔

کا بینہ
وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت میں اقتصادی امور سے متعلق کا بینہ کمیٹی نے آج کئی اہم پروجیکٹوں کی منظوری دی ہے۔ سرکاری پریس ریلیز کے مطابق کا بینہ کمیٹی نے مہاراشٹر میں ساڑھے چار ہزار کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے زائد از 29کلو میٹر لمبی6گلیاروں والی ایک گرین فیلڈ ہائی وے کی تعمیر کو منظوری دی ہے۔
کا بینہ نے سال2024-25 اور سال 2025-26 کے لئے اضافی رقومات کے ساتھ نظر ثانی شدہ راشٹریہ گوکل مشن کی عمل آوری کی بھی منظوری دی ہے۔
دیگر کئی اہم فیصلوں کے علاوہ کا بینہ نے ڈیری کی ترقی سے متعلق نظر ثانی شدہ قومی پروگرام کو بھی منظوری دی ہے۔ مرکزی سیکٹر کی یہ سکیم ایک ہزار کروڑ روپے کے اضافی رقومات کے ساتھ2ہزار7سو90کروڑ روپے کے بجٹ کے ساتھ عملائی جائے گی۔

جتیندر سنگھ
سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاہے کہ بھارت نے2035تک بھارت انترکش نامی ایک اپنا خلائی اسٹیشن قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور اگر سب کچھ منصوبے کے مطابق چلتا رہا تو2040تک بھارت کا کوئی خلا ءباز چاند پر قدم رکھے گا ۔
وہ آج لوک سبھامیں کچھ ضمنی سوالات کا جواب دے رہے تھے۔ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاکہ چندریان چار کو دو لانچ وہیکلز کے ذریعے لانچ کیاجائے گا ۔انہوں نے کہاکہ اس سال کے آخر تک ایک خاتون روبوٹ کے ساتھ گگن یان کی تجرباتی پرواز بھی عمل میں لائی جائے گی۔

اسی دوران ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اکنامک ٹائمز ڈیجی ٹیک کنکلیو2025میں بھی شرکت کی۔
اس موقعے پر انہوننے کہاکہ2015میں شروع کی گئی ڈیجیٹل انڈیا پہل کی بدولت کووڈ کال میں
بلا خلل گورننس کے ساتھ ساتھ آیوشمان بھارت اور آدھار کی بنیاد والے ڈی بی ٹی جیسے اقدام
یقینی بن گئے۔

نیتیا نندرائے
داخلی امور کے مرکزی وزیر مملکت نیتیا نند رائے نے کہاہے کہ سرکار دہشت گردی کے خلاف
زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر کار بند ہے جس کے نتیجے میں ملک میں دہشت گردی کے واقعات
میں نمایاں کمی درج کی جا رہی ہے۔
آج راجیہ سبھا مینضمنات کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ ملک سے دہشت گردی
کے مکمل خاتمے کیلئے مرکز سخت اقدام کر رہا ہے۔

........Nitya Nandrai........

وزیر اعلیٰ
جموں میں اسمبلی کی معمول کی کارروائی آج بھی خوش اسلوبی کے ساتھ جاری رہی اور آج
دوسرے روز بھی وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے ماتحت محکموں کیلئے مطالبات زر پربحث ہوئی ۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ارکان اسمبلی نے ان
محکمونکے مطالبات زر پربحث مینسر گرمی کے ساتھ حصہ لیتے ہوئے اپنے اپنے خدشات ظاہر
کئے۔
انہوننے کہاکہ ایک فعال اور مثبت بحث، جمہوریت کی روح ہے جو ہمیں ان لوگوں کے خدشات
کی چارہ جوئی اور ان کی امنگوں کوپورا کرنے کے قابل بناتی ہے،جنہوننے ہمیناس ایوان میں
اپنی نمائندگی کرنے کیلئے بھروسے کے ساتھ بھیجا ہے۔

اسپیکر
اسمبلی کے اسپیکرعبدالرحیم راتھر نے ارکان سے کہا ہے کہ وہ ذمہ داری اور شائستگی کا
مظاہرہ کرکے ایوان میں عوامی نمائندونکی حیثیت سے اپنارول ادا کریں۔ ان کا یہ بیان
وحیدالرحمان پرہ کے سوشل میڈیاپرلگائے گئے ان الزامات کے رد عمل میں سامنے آیا ہے MLA
کہ مختلف محکموں کے مطالبات زر پر ان کی تحریک تخفیف کو اسمبلی سیکریٹریٹ نے
خاطرمیں نہیں لایا اور یوں بقول ان کے اپوزیشن کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھاگیا ہے۔
ایوان سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر نے بزنس رولز کے ضابطہ227کا حوالہ دیکر کہاکہ
تحریک تخفیف مطالبات زر پر بحث سے کم سے کم تین دن پہلے لائی جانی چاہئے۔عبدالرحیم
راتھر نے کہاکہ وحید الرحمان نے 17مارچ کو جو کٹ موشن دن میں 11بجکر 37منٹ پر پیش
کی اس کے گرانٹس وزیر اعلیٰ کی طرف سے اگلے دن پیش کئے جانے تھے لہذٰا ان کی تحریک
تخفیف کو خاطرمیں نہیںلایاگیا۔

**FCIK**

فیڈریشن چیمبر آف انڈسٹریز کشمیرنے جمونکشمیر میناانتہائی چھوٹی ، چھوٹی اور اوسط درجے
کی کار خانہ داری کی معاونت کیلئے بھارتیہ ریزرو بینک کی فوری اور مناسب مداخلت طلب کی
کے مطابق نا مساعد حالات اور قدرتی آفات کی وجہ سے بری طرح سے متاثر FCIKہے، جو کہ
رہی ہے۔
کے صدر شاہد کاملی کی سربراہی مینفیڈریشن چیمبرکے عہدیداروں نے FCIK اس سلسلے میں
کے ریجنل ڈائریکٹر چندر شیکھر آزاد کے ساتھ ایک میٹنگ کی جس RBI جموں کشمیر کیلئے
میں دیگر سینئر بینک عہدیداروں نے بھی شرکت کی ۔
پر زور دیاکہ وہ جموں کشمیر میں ایک شمولیاتی مالی نظام قائم کرنے کیلئے فعال RBI نےFCIKF
کے صدر شاہد کاملی نے آکاشوانی نیوز سرینگرسے FCIK اوربا اثر اقدام کریں۔اس سلسلے میں
بات کرتے ہوئے کہا۔

....Byte (Shahid Kamili)

IED

کا پتہ لگا کر اسے IED سیکورٹی فورسز نے بانڈی پورہ سرینگر روڈ پر آرا گام کے نزدیک ایک
ناکارہ بنادیاہے۔
فوج کی چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہاہے کہ جموں کشمیر پولیس اور فوجی
جوانونکی اس بر وقت کارروائی سے ایک بڑی ممکنہ انہونی کو ٹالا گیاہے۔
فوج نے کہا ہے کہ وہ اپنے شہریوں اور خطے کی سلامتی کیلئے ہمیشہ پیش پیش ہے۔

رمضان

آج رمضان المبارک کی18تاریخ ہے ۔یہ مہینہ ہمیں تقوی اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کیلئے
جہاں ایک بہترین موقعہ فراہم کرتا ہے ، وہیں یہ با برکت مہینہ مسلمانانِ عالم کو فراخدلانہ
سخاوت کرنے کا بھی درس اور ترغیب دیتا ہے۔
اس بارے میں وادی کے ایک معروف عالم دین مفتی مظفر حسین قاسمی نے آکاشوانی نیوز
سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے مزید کہا۔

---(Mufti Muzafar Hussain)--Byte--

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

DGP

پولیس کنٹرول روم سرینگر میں آج پولیس کی طرف سے عوامی شکایات کے ازالے کا ایک
نے کی۔ Nalin Prabhatپروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت ڈائریکٹر جنرل پولیس

اس موقعے پر موجود شہریوں نے کئی معاملات پر اپنے خدشات ظاہر کر تے ہوئے شکایات کے ازالے پر زور دیا۔ پروگرام میں سینئر پولیس افسروں کے علاوہ قریب200عوامی وفود اور انفرادی سطح پر افراد نے شرکت کی۔
نے لوگوں سے کہا کہ وہ DGP عوامی شکایات کی خندہ پیشانی کے ساتھ سماعت کر تے ہوئے کسی بھی معاملے میں بنا کسی رُکاوٹ کے پولیس کے ساتھ رابطہ کریں۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس تعلق سے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں شعبہ اطفال کے سربراہ ڈاکٹر شوکت حسین تیلی نے اپنے خیالات کا اظہار کچھ یونکیا ۔

---(Dr.Showkat)--V/O-----

پولیس

درینا ثناءاونتی پورہ پولیس نے سوِک ایکشن پروگرام کے تحت آج گورنمنٹ ڈگری کالج اونتی پورہ اور کچھ دیگر تعلیمی اداروں کے اشتراک کے ساتھ نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے پروگرام منعقد کئے۔ ان پروگراموں میں متعلقہ علاقوں کے سینئر پولیس آفیسرس موجود رہے۔
پلوامہ پولیس کی جانب سے آج ایک نجی کالج میں فوجداری کے نئے قوانین کی نسبت جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔ ایس ایس پی پلوامہ پی ڈی نتیا کی صدارت میں منعقدہ اس پروگرام میں دیگر پولیس آفیسر بھی موجود رہے، جبکہ طالب علموں اور کالج عملے نیز مقامی لوگوں نے بھی اس جانکاری پروگرام میں شرکت کی۔
اننت ناگ پولیس نے ایک گمشدہ لڑکی کے معاملے کو حل کرتے ہوئے اس کیس مینملزم الطاف میر ساکن لاوے پورہ سرینگر کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے کہا ہے کہ گمشدہ لڑکی لاش بھی بر آمد کر لی گئی ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر میں تعلیم کو عام کرنے میں نیشنل کانفرنس کا ایک تاریخی رول رہا ہے۔ آج سرینگر میں طلباءو طالبات کے ایک وفد کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمرعبداللہ کی موجودہ حکومت تعلیمی شعبے کو نئی بلندیوں تک لیجانے کےلئے پُر عزم ہے۔
ڈاکٹر کمال نے کہا کہ کشمیری لوگوں نے نہ صرف ملک میں بلکہ بیرون ممالک میں بھی مختلف شعبوں میں اپنا لوہا منوایا ہے جن میں تعلیم اور کھیل کے شعبے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ناظم زراعت

ناظم زراعت کشمیر محمد الیاس خطیب نے آج ایگریکلچر کمپلیکس لالمنڈی سرینگر میں 50کلو واٹ پاؤر صلاحیت کے سولر روف ٹاپ ،پاؤر پلانٹ کا افتتاح کیا۔
انرجی کی اہمیت کواجا گر کرتے ہوئے ڈائریکٹر موصوف نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ محکمے کے صدر دفترکیلئے فراہم کردہ اس سہولت کا مناسب رکھ رکھاؤ یقینی بنائیں۔انہوں نے عملے کو ہدایت دی کہ وہ اپنی گھریلو زندگی مینشمسی توانائی کو اپنا کر دوسروں کوبھی اس کی ترغیب دیں۔

جے شنکر
خارجی امور کے وزیر ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلی میں رائسینا مذاکرے سے خطاب کیا ۔ انہوننے قومی سلامتی اور کاروباری فیصلوں کے درمیان بڑھتی ہوئی ہم آہنگی کے موضوع پر تقریر کی۔
وزیر خارجہ نے عالمی اقتصادی حکمت عملیوں میں تبدیلی کو اجا گر کرتے ہوئے کہاکہ آج دنیا کاروباری فیصلے میں قومی سلامتی کو پہلے سے زیادہ مد نظر رکھتی ہے ۔
...........Dr. Jai Shanker...........

WAVEX
اطلاعات و نشریات کی وزارت نے WAVEX-2025 کا آغاز کیا ہے جو کہ میڈیا اور تفریح شعبے میں سٹارٹ اپس کیلئے فنڈنگ اور قومی سطح کا ایکسپوژرفراہم کرے گا۔
ورلڈ WAVEX-2025 انٹر نیٹ اور موبائیل ایسوسی ایشن آف انڈیا کے تعاون سے منعقد کردہ آڈیوویژول انٹرٹینمنٹ سمٹ کا ایک حصہ ہے جو کہ یکم سے چار مئی 2025کو منعقد ہوگا۔یہ پروگرام جیو ورلڈ کنوینشن سینٹر ممبئی مینمنعقد ہوگا۔
سرمایہ کاری حاصل کرنے اور صحیح تجربہ حاصل کرنے کیلئے بھارتی سٹارٹ WAVEX-2025 اپس کیلئے نئے دروازے کھولے گا۔

ناسا
Crew آج صبح سویرے ایک اسپیس ایکس Butch Wilmore ناسا کے خلاءباز سنیتا ولیمز اور ڈریگن سپیس کرافٹ میں واپس زمین پر پہنچ گئے ہیں۔ اس طرح ان خلاءبازوں کی نو ماہ طویل درماندگی ختم ہو گئی ۔
گزشتہ سال جون سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر ان کے Butch Wilmore سنیتا ولیمز اور بوئنگ اسٹار لائنر سپیس کرافٹ میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے درماندہ ہوگئے تھے ۔ انہوں نے خلاءمیں 286دن گزارے جبکہ وہ صرف 8 دن کے مشن پر گئے تھے ۔

امت شاہ
مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے CRPF ڈے2025 کے موقعے پرCRPF کے سبھی اہلکاروں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے24گھنٹوں کے دوران کچھ اوپری علاقوں میں دو ایک مقامات پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ2ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ4ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح5بجکر12منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.........................

.................

.........